

4333CH01

# 1 نام میں کیا رکھا ہے؟



بہت وقت پہلے کی بات ہے، تار کیشور میں چرواہوں کا ایک خاندان رہتا تھا۔ ہر روز دیبا اور دیپ گایوں کو چرانے کے لیے لے جایا کرتے تھے۔ گایوں کو چرانے کے بعد دونوں شام کو دیر سے واپس لوٹا کرتے تھے۔

ایک دن، دیبا نے پوچھا: ہم کو یہ کیسے پتا چلے گا کہ ہم نے کوئی بھی گائے نہیں کھوئی ہے؟ وہ دونوں گنتی کرنا نہیں جانتے تھے۔

دیبا اور دیپ کیا کریں گے ؟


اُن کے دوست نے انھیں ایک ترکیب بتائی۔ جب تم باہر جاتے ہو تب دروازے سے باہر جانے والی ہر ایک گائے کے لیے دیوار پر ایک نشان بنا دو۔ پھر جب تم واپس آؤ تب اسی طرح دروازے سے اندر آنے جانے والی ہر ایک گائے سے ایک ایک نشان کو مٹاتے جاؤ۔

اگلے دن انھوں نے اپنے دوست کی بتائی ہوئی ترکیب اپنائی اور جب وہ گھر واپس آئے، سارے نشان مٹ گئے۔



کیا وہ ساری گائیوں کو واپس گھر لے آئے تھے ؟

© NCERT not to be republished



کچھ سالوں بعد، ان کے پاس گایوں کی تعداد کافی بڑھ گئی۔ ایک دن گھر سے نکلتے وقت ان کی دیوار پر بہت سے نشانات تھے۔

تو، ان کے پاس .......... گائیں تھیں۔

اگلے دن وہ گایوں کے ساتھ گھر واپس آ گئے، جیسے جیسے ہر گائے دروازے کے اندر جاتی، وہ نشان مٹا دیتے تھے۔ دو نشان اب بھی دیوار پر رہ گئے مگر ان کو گھر کے باہر ایک بھی گائے نظر نہیں آئی۔ وہ پریشان ہو گئے۔

دیبا اور دیپ کیوں پریشان ہوگئے تھے ؟

کتنی گائیں گھر پہنچ گئی تھیں؟ ..........................

دیپ اور دیبا فوراً گم شدہ گایوں کی تلاش میں نکلے اور قریب کے ہی میدان میں انھیں وہ مل گئیں۔ دونوں خوشی خوشی گھر واپس آ گئے!

ان کے دوست ہیمنت کے پاس 36 گائیں اور 23 بھیڑ ہیں۔

دیبا اور دیپ کی طرح نشانات کے ذریعے ہیمنت کی مدد کیجیے جس سے وہ اپنی گایوں اور بھیڑوں کا حساب رکھ سکے۔



استاد کے لیے نوٹ: استاد کو چاہیے کہ وہ بڑے اعداد کی اشیا کو شمار کرنے کے لیے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔ اوپر دی ہوئی صورتِ حال کو وہ ایک سرگرمی کے طور پر استعمال کر سکتا ہے جس میں بچے اپنے سبھی ساتھیوں کے کمرۂ جماعت میں داخل ہونے اور باہر نکلنے کا حساب رکھ سکتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

## آیئے کرتے ہیں

1. کچھ چڑیاں اور جانور ایک کھیل کھیلنے کے لیے ساتھ آئے۔ وہ دو ٹیمیں بنانا چاہتے تھے۔ انھوں نے طے کیا کہ پہلی ٹیم کا کپتان وہ بنے گا جس کا نام سب سے لمبا ہے۔ مطلب جس کے نام میں سب سے زیادہ حروف آتے ہیں۔ دوسری ٹیم کا کپتان وہ ہوگا جس کا نام سب سے چھوٹا ہوگا، مطلب جس کے نام میں سب سے کم حروف آتے ہیں۔




دونوں ٹیموں کے کپتانوں کا پتہ لگایئے۔

پہلی ٹیم :


حروف کی گنتی :

دوسری ٹیم :

حروف کی گنتی :

کیا تم کسی بھی ایسے جانور کو جانتے ہو جس کا نام پہلی ٹیم کے کپتان کے نام سے لمبا ہو؟

2. کس کا نام سب سے لمبا ہے؟ بحث کیجیے۔




مہیش

کارتک

© NCERT not to be republished

3. نیچے دی گئی خالی جگہ میں اپنے دوستوں کا نام لکھیے اور 'A' سے 'F' تک کے سوالوں کے جواب دیجیے۔

a. سب سے لمبے ناموں کے آگے صحیح ✓ کا نشان اور چھوٹے ناموں کے آگے غلط کا ✗ نشان لگائیے۔

b. اپنے نام کا شروعاتی حرف لکھیے۔ ..............................

c. ان سبھی ناموں کو شمار کیجیے جن کا شروعاتی حرف آپ کے نام کے شروعاتی حرف سے ملتا ہے۔

d. کون سا شروعاتی حرف سب سے زیادہ استعمال میں آیا ہے؟ ان سبھی ناموں کو شمار کیجیے۔

e. ان سبھی ناموں کو شمار کیجیے جو ایک جیسے حرف پر ختم ہو رہے ہیں۔

f. ان سبھی حروف کو یہاں لکھیے جن سے کوئی بھی نام شروع نہیں ہو رہا ہے۔



استاد کے لیے نوٹ: استاد بچوں سے لڑکوں اور لڑکیوں کے گروپ میں اور پوری جماعت کے بچوں میں سب سے لمبا اور چھوٹا نام ڈھونڈنے کے لیے سوال کر سکتا ہے۔ کمرۂ جماعت میں مختلف قسم کی حکمت عملی پر بحث کرنے کے لیے بچوں کی مدد کیجیے۔

© NCERT not to be republished

4. تیجی اور جوجو نیچے دیئے گئے کارڈ کی مدد سے اعداد بنا رہے ہیں۔

ایک | دو | تین

چار | پانچ | چھ

سات | آٹھ | نو

دس | گیارہ | بارہ | تیرہ

چودہ | پندرہ | سولہ

سترہ | اٹھارہ | انیس

دس | تیس | چالیس | پچاس | ساٹھ | ستّر | اسّی | نوّے



تیجی نے اپنا رول نمبر 43 اس طرح لکھا۔ اس میں 8 حروف ہیں۔

تین | چالیس



جوجو نے اپنا رول نمبر 17 اس طرح لکھا اس میں ............ حروف ہیں۔

سترہ

a. اپنے رول نمبر کو بھی اوپر دیے ہوئے کارڈ کی مدد سے لکھیے۔ کتاب کے آخر میں اعداد کے کارڈ فراہم کیے گئے ہیں۔

- میرا رول نمبر ............ ہے۔
- اس میں ............ حروف ہیں۔

b. کچھ اعداد اور ان کے نام اپنی کاپی میں لکھیے۔ معلوم کیجیے کہ ہر عدد کے نام میں کتنے حروف ہیں۔



## آیئے سوچتے ہیں



تیجی اور جوجو نے ایک عدد 56 (چھپّن) بنایا، اس میں 4 حروف ہیں۔ 1 سے 99 کے درمیان چار حروف والے اعداد تلاش کرکے لکھیے۔

پچاس | چھ



| | |
|---|---|
| بیالیس | 42 |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |



استاد کے لیے نوٹ: بچوں کو یہ مشاہدہ کرنے دیا جائے کہ جن اعداد کے نام میں ایک ہی تعداد کے حروف ہیں، ان میں کیا یکسانیت ہے۔

© NCERT not to be republished

## آیئے کرتے ہیں



.1 1 سے 99 کے درمیان سب سے لمبے نام والے عدد / اعداد کو لکھیے۔

**معلوم کیجیے**

میرے دوست کے نام کے اعداد 63 سے 78 کے درمیان ہیں۔
عدد کے اعتبار سے میرا نام، میرے تمام دوستوں میں سب سے چھوٹا ہے۔ بتاؤ! میں کون ہوں؟

.......................................................................

**معلوم کیجیے**

میرا نام دو لفظ کا ہے۔ پہلے لفظ میں چھ حروف اور دوسرے میں پانچ حروف ہیں۔ میں 100 کے بہت قریب ہوں۔ بتاؤ! میں کون ہوں؟

.......................................................................

.2 اوپر دی ہوئی پہیلیوں کی طرح مزید پہیلیاں بنا کر اپنی کاپی میں لکھیے اور اپنے ہم جماعتوں سے پوچھیے







Venkatanarasimharajuvaripeta ہندوستان میں وہ جگہ ہے، جس کا نام سب سے لمبا ہے۔ یہ آندھرا پردیش میں تمل ناڈو کی سرحد پر واقع ہے۔







IB، اڈیشہ میں اور OD گجرات میں ایسی جگہیں ہیں جن کا نام سب سے چھوٹا ہے۔

تیجی اور جو جو کے پاس تصاویر کے کچھ کارڈ ہیں۔ تیجی نے ان تصویری کارڈس کو اس طرح سے دو گروپ میں تقسیم کیا ہے۔







© NCERT not to be republished

اس نے ان کارڈس کو دو گروپوں "وہ جو کھانا کھاتے ہیں" اور "وہ جو کھانا نہیں کھاتے ہیں" میں رکھا۔ جو جو نے الگ طریقے سے کارڈوں کو گروپ میں تقسیم کیا ہے۔







جوجو کے بنائے ہوئے ہر گروپ میں کیا یکسانیت ہے ؟

..........................................................................................

ذیل میں گھر کے کچھ سامان کی تصاویر دی ہوئی ہیں۔




ان سامانوں کے نام کی صحیح شناخت کرکے نیچے دیے ہوئے گروپوں میں تقسیم کیجیے۔

| جن چیزوں کو بجلی کی ضرورت ہوتی ہے | جن چیزوں کو بجلی کی ضرورت نہیں ہوتی |
| --- | --- |
| | |

© NCERT not to be republished

اوپر دی گئی چیزوں کو کسی نئے گروپ میں تقسیم کر کے نیچے دی ہوئی خالی جگہ میں لکھیے۔

## آیئے کرتے ہیں

### بال کا انداز

مالا اسکول جا رہی ہے۔  اس کی ماں نے اس کے بالوں میں کنگھا کیا ہے۔ 

مالا نے دو چوٹیاں باندھی ہیں۔ 

اپنی جماعت کے بچوں کو دیکھیے۔

سبھی بچوں نے مختلف طریقوں سے اپنے بالوں کو کنگھا کیا ہے۔



دیکھیے اور نیچے لکھیے

| بال کا انداز |  |  |  |  |  |  |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بچوں کی تعداد | | | | | | |



استاد کے لیے نوٹ: بچوں سے کہیے کہ وہ مزید چیزیں تجویز کریں اور انھیں مناسب طریقے سے گروپ میں رکھیں۔ بحث کیجیے کہ کیا زمرہ بندی کے دیگر ممکنہ طریقے ہیں۔ زمرہ بندی کے مختلف طریقوں کی حوصلہ افزائی کیجیے جن میں ہر چیز کا ایک یا دوسرے گروپ سے تعلق ہونا چاہیے۔

© NCERT not to be republished